UMAR MEDIA
مجلہ تحریک طالبان پاکستان
09
رمضان المبارک ۱۴۴۳ ھ ق بمطابق اپریل ۲۰۲۲ء
عدم اعتماد
پاکستان کی موجودہ سیاسی صورتحال، ذمہ دار کون؟
نفاذ نظام اسلام مگر کیسے؟
نائب امیر ووزیر دفاع تحریک طالبان پاکستان
مفتی مزاحم حفظہ اللہ کا خصوصی انٹرویو
@umarmedia

من كلام رب المجاهدين

يا أيها الذين أمنوا كتب عليكم الصيام كما كتب على الذين من قبلكم لعلكم تتقون

قرآن مجید کی سب سے بڑی سورت ، سورۃ البقرہ میں جن چیزوں کا حکم دیا گیا ہے ۔ ان میں سے ایک اہم حکم رمضان المبارک کے روزوں کا ہے کہ ایک مخصوص مہینے میں مسلمان مخصوص طریقہ اختیار کرکے اپنے اوپر کچھ پابندیاں لگائیں گے ۔ جسے عربی زبان میں صوم کہا جاتا ہے صوم کا لغوی معانی ہیں رکنا اور بچنا اور اصطلاح شرع میں یہ کھانے پینے اور عورت سے مباشرت کرنے سے رُکنے اور باز رہنے کا نام ہے روزہ شعائر اللہ میں سے ہے اور اسلام کی پانچ بنیادوں میں سے ایک اہم بنیاد ہے ۔

اس آیت میں "على الذين من قبلكم" سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ روزہ ہم سے پہلے کی اُمتوں پر بھی لازم تھا البتہ حالات وصفات الگ تھے ۔ "تتقون" سے معلوم ہوتا ہے کہ تقویٰ حاصل ہونے میں روزے کو بڑا دخل ہے ۔ ماخوذ از معارف القرآن

اس لفظ تتقون کی تفسیر میں علامہ آلوسی رحمہ اللہ فرماتے ہیں :

كي تخذرو المصاصي، فإن الصوم يعقم الشهوة التي هي أُمها أو يكسرها.

تاکہ تم گناہوں کو چھوڑدو، کیونکہ روزہ انسان کی شہوت کو ختم کردیتا ہے یا توڑدیتا ہے جوکہ تمام گناہوں کی جڑ ہے ۔

شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ حجۃ اللہ البالغہ میں فرماتے ہیں :

وإنما الصوم ترياق يستعمل لدفع السموم النفسانية مع ما فيه من بكاية بمطية اللطيفة الإنسانية ومنصتها فلا بد من أن يتقدر بقدر الضرورة.

بے شک روزہ رکھنا ایک مشکل اور نفس مخالف عمل ہے ۔ علمائے کرام فرماتے ہیں کہ اس میں دیگر حکمتوں کے ساتھ ساتھ ایک حکمت یہ بھی ہے کہ یہ صاحب وسعت لوگوں کو پیغام دیتا ہے کہ وہ لاچاروں کی بھوک و پیاس کا ادراک کریں اوران میں انفاق کا جذبہ جاگے ۔ اسی طرح اس میں مجاہدین کیلیۓ بھی تربیت ہے کہ راہِ جہاد میں آنے والے مصائب میں سے ایک بھوک و پیاس بھی ہے. جس کیلیۓ بندہ ذہنی طور پر تیار رہ سکے اور روزہ رکھ کر ہی اس کا عملی مشاہدہ ممکن ہے

رمضان البدر

ابن الاسیر رشید احمد

"تحریک طالبان پاکستان کی رہبری شوریٰ موسم بہار کے آغاز پر یکم رمضان المبارک 1443ھ ق سے البدر کے نام سے آپریشن کا اعلان کرتی ہے ۔ البدر کے مبارک نام پر یہ آپریشن استشہادی کارروائیوں، گھات حملوں، مائن کارروائیوں، تعارضی حملوں، ٹارگٹڈ حملوں، لیزری اوراسنائپر عملیات پر مشتمل ہوگا۔ ان شاء اللہ ۔ ان تمام حملوں کے اہداف سیکیورٹی ادارے اوران کے معاونین ہوں گے"۔

مذکورہ الفاظ ترجمان تحریک طالبان پاکستان محمد خراسانی حفظہ اللہ کے اس اعلامیہ کے ہیں، جس کا انتظار تحریک کے تمام مجاہدین کررہے تھے ۔ اس سے بڑھ کر خوشی اور کیا ہوسکتی ہے کہ ہم اپنے آقا، محبوب خدا، محبوبِ زمانہ، صاحب السیف والدعوۃ نبی الملاحم صلی اللہ وسلم کے نقش قدم پر چل کر جہاد کی راہ اختیار کئے ہوئے ہیں اور صرف یہی نہیں بلکہ رمضان المبارک میں ہماری عسکری قیادت نے اپنی جنگ کو اسی نام سے پکارا، جس نام سے یہ اسی مہینے میں چودہ صدیاں قبل پکارا گیا۔

یادرہے رمضان المبارک میں البدر عملیات کا اعلان اس وجہ سے بھی نہایت ہی اہمیت کا حامل ہے کہ تاریخ اسلامی میں کئی معرکۃ الاراء جنگیں اسی مبارک مہینے میں پایہ تکمیل کو پہنچ چکی ہیں، اور فتح وعزت مسلمانوں کا مقدر بن چکا ہے مثلاً

غزوہ بدر 2ھ، فتح مکہ 8 ھ، فتح البیوب 13 ھ، معرکۃ القادسیہ 15ھ، فتح الاندلس 92 ھ، فتح عموریة 223 ھ معرکۃ الزلاقة 479 ھ، معرکۃ المنصورۃ 647 ھ فتح انطاکیة 666 ھ، معرکۃ عین جالوت 58 ھ، معرکۃ شقحب 702 ھ

ولقد نصركم اللّٰه ببدر وأنتم أذلة.

آپریشن البدر کا اعلان سن کر دشمن پر کپکپی طاری ہے ۔ انہوں نے حسبِ عادت مجاہدین کا میدان میں سامنا کرنے کے بجائے، دہشت گردی کے نام پر عام شہریوں کو تنگ کرنا، انہیں لاپتہ کرنا اور تشدد کا نشانہ بنانا شروع کردیا ہے ۔ جنوبی وزیرستان میں فوج نے عوام کے ملکیتی جنگلات کو اس خوف سے جلانا شروع کردیا ہے، کہ اگر یہاں سے کبھی مجاہدین گزرے تو ہمیں پتہ نہیں چل سکے گا ۔ فیصلہ آپ کیجئے کہ دو فریقین جو نظریئے کی جنگ لڑرہے ہیں، ان کے درمیان ہونے والی جنگ میں ایک فریق کا ظالمانہ طورپر عوامی تملیک کو نقصان پہنچانا، کیا خوف کی انتہاء کو ظاہر نہیں کرتا؟ جبکہ دوسری جانب مجاہدین بحمداللہ ہشاش بشاش اور پورے جذبے کے ساتھ میدانِ جنگ میں سرگرم عمل ہیں ۔ شاعر کہتا ہے :

تجھ سے میں جنگ کا اعلان بھی کرہی دوں گا
میرے دشمن تو مرے قد کے برابر تو آ

ہم دعاگو ہیں کہ اللہ رب العزت اس تگ ودو کو دشمن کی سرکوبی کیلیئے مؤثر و کارآمد بنائے اوراللہ کرے کہ اس کے ذریعے مسلمانانِ پاکستان کے 75 سال سے ملک میں نفاذِ اسلام کی امید میں مرجھائے جذبے تروتازہ ہوجائیں اور یہ فتح کی پہلی سیڑھی ثابت ہو۔ تحریک طالبان پاکستان قربانیوں، کوششوں، شہادتوں، اسارتوں، ہجرتوں اور جرات مندانہ فیصلوں کا نام ہے، رب العزت انہیں کبھی دشمن کے سامنے سرنگوں نہیں کرے گا ۔ ان شاء اللہ العزیز۔

لمحہ فکریہ

اسلام آباد کی ۷۵ سالہ جمہوری اور کابل پر براجمان طالبان کی بیس سالہ جہادی سیاست میں کونسی سیاست کامیاب رہی؟ کسی بھی باشعور انسان کیلئے یہ بات مدنظر رکھنا ازحد ضروری ہے کہ وہ اپنی منزل اور مقصد کو پانے کیلئے اخلاص اور قربانی کے ساتھ ساتھ منزل کے درست سمت کو بھی تلاش کرے۔ ورنہ درست سمت کے بغیر فقط اخلاص اور قربانی کی ساتھ سفر آدمی کو منزل کے قریب کرنے کی بجائے منزل سے مزید دور کرتا جاتا ہے۔ مثلاً کسی کی منزل مشرق کی جانب ہے اور وہ اخلاص اور قربانی کا جذبہ لے کر مغرب کی جانب لخت سفر باندھے، تو انجام کار کیا ہوگا؟

ترسم نہ رسی بہ کعبہ ای اعرابی
این رہ کہ تو می روی بہ ترکستان است

اے بدو! مجھے ڈر ہے کہ تو کعبہ تک نہیں پہنچ سکے گا، اس لئے کہ تو جس راستے پر چل رہا ہے یہ ترکستان جاتا ہے۔
دین کی پوری عمارت ہی اس بات پر قائم ہے کہ جس طرح منزل کا تعین ضروری ہے اسی طرح منزل کے حصول کا راستہ معلوم کرنا بھی ضروری امر ہے۔
اب سمجھنا چاہیئے کہ اسلامی نظام کا قیام، وقت کا اہم ترین فریضہ ہے اور اسلامی نظام کے نفاذ کے لئے راستہ شریعت مطہرہ نے دعوت و جہاد پر مبنی سیاست ہی متعین فرمایا ہے، نہ کہ جمہوری سیاست۔
پس قیام پاکستان کے مقصد یعنی پاکستان کا مطلب کیا؟ لاالہ الااللہ کے لئے کس قدر عظیم قربانیاں دی گئیں؟ ایک محتاط اندازے کے مطابق ایک لاکھ سے زائد مسلمانوں نے جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ایک کروڑ کے لگ بھگ مسلمانوں نے ہجرتیں کیں۔ مگر صحیح سمت نہ چلنے کی وجہ سے ۷۵ سال گزرنے کے باوجود بھی پاکستان پر وہی فرسودہ جمہوری نظام قائم ہے۔ آئے روز پاکستان آئی ایم ایف اور دیگر مغربی جالوں میں مزید پھنستا جارہا ہے۔
مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی
اس کے بالمقابل طالبان عالیشان نے اپنے مقصد ''اسلامی نظام کے نفاذ'' کیلئے درست سمت ''جہادی سیاست'' اختیار کرکے بے سروسامانی کے عالم میں بیس سال کے اندر اندر ہر قسم کی جدید ٹیکنالوجی سے لیس ایٹمی طاقتوں کو شکست فاش سے دوچار کیا۔ آج بحمداللہ سرزمین افغانستان پر مہاجرین وانصار کی بے پناہ قربانیوں کی بدولت اسلام کا بول بالا ہوچکا ہے۔
تو بتائیں! ۷۵ سالہ جمہوری سیاست کامیاب ثابت ہوئی یا بیس سالہ جہادی سیاست؟

زور بازو آزما شکوہ نہ کر صیاد سے
آج تک کوئی قفس ٹوٹا نہیں فریاد سے

اب وہ لوگ کیا کہیں گے؟! جو یہ کہتے نہیں تھکتے تھے کہ امریکہ سے مقابلہ پہاڑ سے سر ٹکرانے کے مترادف ہے، اور معاصر وقت میں جہاد کے ذریعے اسلامی نظام قائم کرنا ممکن نہیں ہے۔ یہ اور اس طرح کے بے سر وپا دعوی کرنے والوں نے یہ نہیں سوچا کہ معاملہ بالکل برعکس ہے۔ امریکہ کا طالبان سے مقابلہ پہاڑ سے سر ٹکرانے کے مترادف تھا، اور تاریخ اس بات پر شاہد ہے کہ طویل تاریخ میں آج تک ہر جگہ اسلامی نظام، جمہوری طرز سیاست سے نہیں بلکہ جہادی سیاست ہی سے نافذ ہوا ہے۔ آج بھی ہم امارت اسلامیہ ''اعزھا اللہ'' کی شکل میں اس کا عملی مشاہدہ کررہے ہیں۔
آمد برسر مطلب! آپ نے دیکھا کہ کابل پر براجمان طالبان عالی مقام نہایت ہی مختصر وقت میں اپنے مقصد میں کامیابی سے ہمکنار ہوئے۔ کیا آپ نے اس بات پر کبھی غور کیا ہے کہ تحریک طالبان پاکستان نے بھی پانچ سو سے زائد علمائے حق کے ایک مشترکہ فتوے کی بنا پر، پاکستان میں تقریبا ڈیڑھ عشرے سے جمہوری طرز سیاست کو رد کرکے، جہادی سیاست اختیار کی ہے اور اس مختصر مدت میں ہزاروں شہداء کی قربانیاں پیش کی ہیں۔ ہزارہا لوگ اس وقت بھی پاکستان کے خفیہ عقوبت خانوں میں ایک عظیم اُمید کی خاطر صعوبتیں سہہ رہے ہیں۔ لاکھوں قبائلی عوام، فوج کے بے تحاشا مظالم کی وجہ سے دربدر ہیں۔
اب سوال یہ ہے کہ تحریک طالبان پاکستان کی مالی جانی قربانیوں سے لبریز سیاست کامیاب رہے گی یا ملک میں جاری جمہوریت کی شعبدہ بازیاں اور اعتماد وعدم اعتماد کی جعلی، پرفریب اور لے دے کی سیاست رنگ لائے گی؟۔ آپ حضرات کے علم میں ہونا چاہئے کہ ایمان اور مادیت کی معرکہ آرائی میں جیت ایمان کی ہوتی ہے۔ اگرچہ اہل ایمان ملک بدر اور کمزور کیوں نہ ہوں۔ اصحاب کہف کا واقعہ اس بات کی بیّن دلیل ہے۔
لہذا ہر شخص معرکہ ایمان ومادیت میں اپنا فیصلہ خود کرے۔

الحمدللّٰہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین
والصلو والسلام علی نبیہ محمد وعلی أل
وأصحابہ أجمعین إلی یوم الدین.
اما بعد
فاعوذ باللّٰہ من الشیطان الرجیم
بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم
إن الدین عند اللّٰہ الإسلام
ومن یبتغ غیر الإسلام دینا فلن یقبل منہ
وهو فی الآخرة من الخاسرین (آلعمران)
وقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم:
(من بدلہ دینہ فاقتلوہ (متفق علیہ

ہم جب ٹھنڈے دل سے ہندوستان کی تاریخ پر نگاہ ڈالتے ہیں تو ہمیں سرہندی ایلیٹ کی مسخ شدہ تاریخ سے پہلے ہندوستان کی سیاسی اور مذہبی تاریخ کسی اور صورت میں نظر آتی ہے۔ سیاست کی باتیں تو سیاسی حضرات بہتر جانتے ہیں کیونکہ "لِکُلِّ فَنٍّ رِجَالُ"،
ہم صرف مذہبی نقطۂ نظر سے یہ دیکھتے ہیں کہ ہندوستان میں کم و بیش ہزار سال تک مسلمانوں کی حکومت اور اقتدار رہا ہے۔ جس میں نہایت فراخ دلی سے ہر فرقہ اور ہر اہلِ مذہب کو اپنے مذہب کا پابند رہنے اور مذہبی رسومات بجا لانے کی کھلی آزادی تھی۔ جب گردشِ زمانہ سے سلطنتِ مغلیہ کا ٹمٹماتا ہوا چراغ گل ہوگیا اور اپنوں کی بداعمالیوں کی وجہ سے ظالم اور جابر برطانیہ قہرِ الٰہی کی صورت میں ہندوستان پر نمودار ہوا تو اس وقت انگریز کے اہلِ ہند اور خصوصاً مسلمانوں کے خلاف کیا عزائم تھے؟ اور وہ ہندوستان میں کیا دیکھنا اور کیا کرنا چاہتا تھا؟ اور کس حد تک وہ کر چکا ہے؟

جب ہم ہندوستان کی تاریخ کے اس موڑ پر آتے ہیں اور تاریخ کے اوراق میں وہ واقعات پڑھتے اور دیکھتے ہیں تو ہماری آنکھیں پُرنم ہو جاتی ہیں، ہاتھ میں قلم لرز جاتا ہے، دل سیماب کی طرح بے قرار ہو جاتا ہے، سانس رُکنے لگتا ہے اور آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہے۔ انگریز کے مظالم کے تمام واقعات تاریخ کی کتابوں میں تفصیل سے لکھے ہیں۔ مگر یہاں ہم صرف اسلام اور اہلِ اسلام کے خلاف مشترکہ ہندوستان میں انگریز کے رویے، کا ذکر کرتے ہیں جس سے ہمارا مدعیٰ بآسانی سمجھ میں آسکتا ہے۔

برطانیہ کی پارلیمنٹ کے ممبر مسٹر مینگلس نے ۱۸۵۷ء کے آغاز میں پارلیمنٹ میں تقریر کرتے ہوئے کہا: "خداوندِ تعالیٰ نے ہمیں یہ دن دکھایا کہ ہندوستان کی سلطنت انگلستان کی زیرِ نگین ہے۔ تاکہ عیسیٰ مسیح علیہ السلام کا جھنڈا ہندوستان کے ایک سرے سے دوسرے تک لہرائے۔ ہر شخص کو اپنی تمام تر قوت تمام ہندوستان کو عیسائی بنانے کے عظیم الشان کام کی تکمیل میں صَرف کرنی چاہیئے اور اس میں کسی طرح تساہل نہیں کرنا چاہیئے۔ حکومتِ خود اختیاری، ص: ۱۳٦) اسی طرح لارڈ رابرٹس نے کہا: ان بدمعاش مسلمانوں کو بتا دیا جائے کہ خدا کے حکم سے صرف انگریز ہی ہندوستان پر حکومت کریں گے۔ (علماءِ ہند کی شاندار ماضی کا آخری حصہ، تصویر کا دوسرا رخ، ص: ۳٤) اور سب سے زیادہ خطرناک اور مہلک طریقہ جو انگریز نے تجویز اور اختیار کیا تھا، وہ یہ تھا کہ قرآن پاک اور اس کی تعلیم اور علومِ اسلامیہ کو یکسر مٹا دیا جائے۔ تاکہ ایمان و ایقان کی وہ پختگی جو مسلمانوں کو حاصل ہے بالکل ختم ہو جائے۔ عیسائیت کا راستہ ان کیلئے سہل اور ہموار ہو جائے۔ اس کے مقابلے میں انگریزی تعلیم کو اس قدر عام اور رائج کر دیا جائے کہ کوئی شخص اپنے لئے اس کے سوا چارۂ کار نہ پائے۔ چنانچہ قرآن جیسی جامع و مکمل، بے نظیر اور انقلاب انگیز کتاب کی بے پناہ قوت اور طاقت سے خائف اور بدحواس ہو کر برطانیہ کے مشہور اور ذمہ دار وزیر اعظم گلیڈ اسٹون نے بھرے مجمع میں قرآن کریم کو اٹھاتے ہوئے بلند آواز سے یہ کہا تھا: "جب تک یہ کتاب دنیا میں باقی ہے۔ دنیا متمدن اور مہذب نہیں ہوسکتی۔ (خطبۂ صدارت، ص: ۱۵)
اور ہنری ہرینگٹن طاس نے کہا کہ "مسلمان کسی ایسی گورنمنٹ کے جس کا مذہب دوسرا ہو اچھی رعایا نہیں ہوسکتے اس لئے کہ احکام قرآنی کی موجودگی میں یہ ممکن نہیں۔ (حکومت خود اختیاری، ص: ۵۵)
الغرض قرآن کو مٹانے اور مسلمانوں کے اسلامی جذبات کو ہندوستان سے نیست و نابود کرنے کیلئے ایسے ایسے حربے استعمال کئے گئے کہ شیطان بھی دم بخود ہو کر رہ گیا۔ لارڈ میکالے نے تو یہاں تک صاف لفظوں میں کہا کہ "ہماری تعلیم کا مقصد ایسے نوجوان پیدا کرنا ہے جو رنگ

و نسل کے اعتبار سے ہندوستانی ہوں تو دل و دماغ کے اعتبار سے فرنگی ۔ (مدینۂ بجنور، ۲۸، فروری ۱۹۳۶ء) اور اگر سچ کہئے تو اس میں ان کو کافی حد تک کامیابی بھی حاصل ہوئی جیسا کہ کسی بھی صاحبِ علم پر مخفی نہیں ہے ۔

یہ طریقہ تو وہ تھا جو براہِ راست حکومت برطانیہ اور اس کے ذمہ دار اشخاص نے اسلام کے خلاف مذہبی میدان میں اختیار کیا۔ اس کے علاوہ عسکری اور فوجی میدان میں اہلِ اسلام کے خلاف اسی مشترکہ ہندوستان سے جو فوج تیار کر رکھی تھی وہ بھی کوئی معمولی کام نہیں ہے ۔ بیرونی فوجی قوت کی مدد سے کسی قوم کو غلام بنانے کا عمل تو تاریخ میں پہلے بھی ہوتا رہا ہے ۔ لیکن ایسا کم ہی ہوا ہوگا کہ کسی قوم کو اسی قوم کی مدد سے غلام بنایا گیا ہو۔ چنانچہ مشترکہ ہندوستان پر اپنا غاصبانہ قبضہ برقرار رکھنے اور اہلِ ہند کو غلام بنانے کے لئے برطانیہ نے ایک ایسی فوج کی تشکیل کا فیصلہ کیا جس کی کمان یورپی افسروں کے ہاتھوں میں ہو اور اس کی سپاہی سب کے سب اہلِ ہندوستان پر مشتمل ہوں ۔ اس فوج کو بتدریج منظم کرتے ہوئے درج ذیل تین صدارتی افواج کی صورت میں ترتیب دیا :

۱) بنگال آرمی
۲) بمبئ آرمی
۳) مدراس آرمی

برطانیہ کی قیادت یہ بات بخوبی جانتی تھی کہ اس نے ہندوستان پر بزورِ قوت قبضہ جمایا ہے ۔ یہ قبضہ برقرار رکھنے کے لئے بھی اسے قوت کا ہی سہارا لینا پڑے گا۔ اسی بات کا اظہار بمبئ کے ایک برطانوی گورنر نے ان الفاظ میں کیا "ہم نے ہندوستان کو تلوار کے زور سے قابو کر رکھا ہے ، اگر ہم اپنی فوجی برتری برقرار نہ رکھ پائے تو ہمارا اقتدار بہت تیزی سے ختم ہوجائے گا" (یہ کس کی فوج ہے ؟، ص : ۲)

لہٰذا ان ہی تین صدارتی افواج کی مدد سے برطانیہ نے مغربی ہندوستان (موجودہ پاکستان) جیسے بلوچستان، سندھ، پنجاب اور صوبہ سرحد (موجودہ خیبر پختونخوا) پر چند ہی سالوں کی لڑائی میں اپنی گرفت مستحکم کرلی ۔ کامیابی کے بعد مغربی ہندوستان (موجودہ پاکستان) میں زیادہ تر بنگال آرمی کے افسر و سپاہی تعینات کئے گئے ۔

(جاری ہے)

مفتی ابو ہریرہ حفظہ اللہ
رکن رہبری شوریٰ و وزیر فلاح و بہبود

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ (البقرة ۱۸۳)

اے ایمان والو، تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں، جیساکہ تم سے پہلے کے لوگوں پر فرض کئے گئے تھے، تاکہ تم پرہیزگاد بن جاؤ۔

عدم اعتماد

از: مفتی ابوہشام حفظہ اللہ (رکن رہبری شوریٰ و اعلامی کمیشن)

حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے اندر موجود شورش کا اصل سبب اعتماد اور عدمِ اعتماد کا مسئلہ نہیں ہے۔ بلکہ اعتماد اور عدمِ اعتماد کا اصل سبب ہی پاکستان کے قیام کے مقصد میں نظریات کا انتشار ہے۔ کیونکہ یہ اعتماد اور عدمِ اعتماد کا سلسلہ قیامِ پاکستان کے آغاز ہی سے شروع ہوگیا تھا۔ ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو قیامِ پاکستان کا پہلا دن تھا اور سامنے یہ سوال تھا کہ پاکستان تو حاصل ہوگیا مگر اس کو آگے کیسے چلایا جائے؟

یہاں پر پاکستان کے حصول کیلئے جدوجہد کرنے والے لوگ تین واضح طبقوں میں منقسم ہوگئے۔ ان میں یہ تقسیم پاکستان کے وجود میں آنے سے پہلے اس جڑ پکڑنا شروع ہوئی جب برصغیر پاک و ہند پر انگریز کا غلبہ ہوا۔ دینی طبقے کے اصلاحی اور جہادی تحریک کے مقابلے میں یہ جدت پسند اور لادین طبقے پیدا ہوئے۔ جن میں ایک طبقہ مکمل سیکولر لادین تھا جو پاکستان کو مکمل طور پر مغرب کے لادین نظریات کے تحت چلانا چاہتا تھا۔ اس طبقے کے نزدیک کامیابی کا راز صرف اور صرف مغربی طرزِ زندگی ہی میں مضمر تھا۔ دوسرا طبقہ اسلامی جدت پسند طبقہ تھا جن کے خیال میں اسلامی اصول پر قائم رہنا بھی ضروری تھا۔ مگر ان اصولوں کو مغربی نقطہ نظر کے ساتھ ایڈجسٹ کرنا بھی ضروری تھا۔ گویا کہ ماڈرن اسلام کے بغیر اقوامِ عالم کے بیچ میں رہنا ان کے نزدیک ناممکن تھا۔ تیسرا طبقہ خالص اسلامی نظریات کا حامل طبقہ تھا۔ ان کا خیال تھا کہ پاکستان اسلام کے نام پر بنایا گیا ہے۔ اب اس میں خالص اسلامی قانون ہی نافذ ہوگا۔ اب ان طبقوں میں قیامِ پاکستان سے لے کر آج تک یہ رسہ کشی کا عمل شروع ہے کہ ہر طبقہ پاکستان کو اپنے نظریے کے تحت لانے کی کوشش میں لگا ہوا ہے

اب ان مختلف نظریات کی روشنی میں اعتماد اور عدمِ اعتماد کا معیار متعین کرنا کیسے ممکن ہوسکتا ہے؟ یہی وجہ ہے کہ پاکستان میں ہر طرف لاقانونیت ہے اور میڈیا پر بھی اکثر اوقات سیاسی پارٹیوں کی طرف سے لاقانونیت کی شکایت سامنے آتی ہے۔ تو جہاں اعتماد اور عدمِ اعتماد کا معیار ہی متعین نہ ہو وہاں اعتماد کی فضاء کیسے قائم ہوسکتی ہے؟ اب ایک طرف ان تینوں طبقات کے مابین اقتدار کی رسہ کشی ہے اور دوسری طرف کلازوٹ کی تربیت شدہ اسٹیبلشمنٹ ہے۔ جس نے ملک کا مکمل کنٹرول اپنے ہاتھ میں لے رکھا ہے اور یہ فیصلہ کیا ہے کہ اس ملک کو اپنے ہی مفاد کی خاطر استعمال کریں گے اور اس کو مغرب کی چھاؤنی کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔ کسی بھی سیاسی پارٹی کو یہ ملک عوامی منشاء کے مطابق استعمال نہیں کرنے دیا جائے گا، جس کا مشاہدہ ہم کر بھی رہے ہیں کہ اقتدار میں وہی پارٹی آتی ہے جس کا فوج کے ساتھ گٹھ جوڑ ہو ورنہ سوال ہی پیدا نہیں ہوسکتا کہ فوج کی مرضی کے بغیر کوئی پارٹی اقتدار کی کرسی سنبھال سکے۔

فوج کو اگر ملک کے اندر اسلامی جہت سے خطرہ لاحق ہوجائے تو عمران خان کو نئے پاکستان کا ٹھیکہ دار بنا کر میدان میں لا کھڑا کر دیتی ہے۔ جس سے نظام پر مشتعل لوگوں کے جذبات ٹھنڈے ہوجاتے ہیں۔ اگر مغرب کو مسلمانوں کو کرش کرنے کے لئے چھاؤنی کی ضرورت پڑجائے تو یہ فرنٹ لائن اتحادی بن کر اسلام دشمنوں کو ملک کے سینے پر قابض کر دیتی ہے۔ مختصر یہ کہ پاکستان کے اندر امن و خوشحالی بحال کرنے اور اس ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے، یہ اعتماد اور عدمِ اعتماد کی ریلیاں نکالنے اور جلسے جلوس نکال کر عوام کی رہی سہی زندگی دوبھر کرنے کا طریقہ بالکل غلط اور بے سود ہے۔ اس کے لئے عوام کو سب سے پہلے فوج کو راہ راست پر لانے اور ملک کو اپنے اصل مقصد نفاذِ شریعت پر لانے کیلئے محنت کرنا ہوگی اور اس مقصد کے حصول کیلئے عوام کو تحریکِ طالبان کا ساتھ دینا ہوگا تاکہ ہمارے اکابر علمائے کرام اور مشائخِ عظام نے جس عالی مقصد کے لئے اس ملک کو حاصل کیا تھا اور بے پناہ قربانیاں دی تھیں وہ مقصد ہمیں حاصل ہوجائے۔

تقریباً ۷۵ سال ان سیاسی پارٹیوں اور اسٹیبلشمنٹ کو آزمانے کے بعد اس حقیقت سے انکار کی گنجائش شاید نہ رہے کہ ان تمام مصائب سے چھٹکارا حاصل کرنے کا واحد طریقہ یہی ہے، جس کا ذکر ہم نے کیا۔ لہذا پاکستان کے باشعور لوگ یہ بات، پیش نظر رکھیں کہ اس فرسودہ اور غیر مرتب ڈھانچے میں تبدیلی لائے بغیر ملک میں امن و امان اور اعتماد کی فضا قائم نہیں ہو سکتی۔

ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، ذمہ دار کون؟

از: نوید الحسن

یوں تو پاکستان میں اسمبلیاں تحلیل ہوتی رہی ہیں، یہ پاکستانی قوم یا سیاسی پارٹیوں کیلئے کوئی نئی اور انہونی بات نہیں ہے، بلکہ تاریخ کا تسلسل ہے جو تقسیم ہند کے بعد برائے نام اسلامی ملک پاکستان میں ہوتا چلا آ رہا ہے پاکستانی خوابیدہ قوم کے علاوہ تمام ذی شعور لوگ سمجھتے ہیں کہ اس کے پیچھے کس کا ہاتھ ہے اور اس کے محرکات کیا ہیں؟ اس صورتحال کو سمجھنا مشکل نہیں ہے لیکن اس کو سمجھ کر وضاحت کے ساتھ بیان کرنا اتنا مشکل ہوتا ہے کہ اس کی اصلاح کا سوچنا بھی ناممکن ہو جاتا ہے جب تک ڈکٹیٹرز اس ملک پر قابض رہیں گے، یہاں جمہوریت مستحکم نہیں رہ سکتی تو پھر اسلامی خلافت کا سوچنا تو بہت دور کی بات ہے

افغانستان پر طالبان کی حکومت، تحریک طالبان پاکستان کے دوبارہ منظم ہونے، اس کی مثبت پوزیشن اور فوج پر ہونے والے حملوں میں ریکارڈ تیزی کے باعث بوٹ سرکار کی جب کانپیں ٹانگنے لگیں تو مختلف حربے استعمال کرنا شروع کیے، کبھی مذاکرات کی پیشکش کی، کبھی امارت اسلامیہ کو تحریک طالبان پاکستان کے خلاف کارروائی کی درخواست کی تو کبھی جرگے کے ذریعے منت سماجت کی یہ سب تقریباً ناکام ہوتے نظر آئے تو اپنی بزدلی اور شکست کو چھپانے کیلئے سیاسی بھونچال پر اکتفاء کیا، یہ سوچ کر کہ نئی حکومت کے ذریعے اس صورتحال سے نکلنے کا کوئی طریقہ بن پائے گا، مگر یہ نام نہاد مسلمان یہ نہیں جانتے کا پاکستان کا مقدر صرف اور صرف اسلامی نظام کا نفاذ ہے اور بس

عالمی یہودی تنظیموں کی پالیسی یہی ہوتی ہے کہ کسی ملک کو اپنے قبضے میں رکھنے کیلئے سب سے پہلے اس کی عسکری قوت خریدنے کی کوشش کرتے ہیں، پھر سول حکومت کو خصوصاً جو برسر اقتدار ہو اور اس کیلئے وہ یا تو پیسوں کا سہارا لیتے ہیں یا پھر حُسن کا اگر پاکستان کی ماضی پر نظر ڈالی جائے تو اکثریت جرنیلوں اور وزراء کی بیویاں یہودی تھیں تاریخ چونکہ بھری پڑی ہے تو یہاں مکرر ذکر کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی

۷۵ سالہ پاکستانی تاریخ میں سب سے زیادہ حکومت لیاقت علی خان کی گزری ہے، جو تقریباً پچاس ماہ تک چلی تھی یعنی وہ بھی آئین کے مطابق پوری نہیں ہوئی اور اس کو بھی نامعلوم افراد نے قتل کیا تھا اور یہی نامعلوم افراد اب تک پیارے وطن پاکستان پر قابض ہیں اور انہی کے ہاتھوں اسمبلیاں تحلیل ہوتی آ رہی ہیں

اسی سوچ کو عملی جامہ پہناتے ہوئے اسٹیبلشمنٹ نے اپوزیشن کا سہارا لیتے ہوئے عدم اعتماد کا ڈھونگ رچایا اور خود تماشائی بن کر نیوٹرل رہنے کی ایکٹنگ کی اس صورتحال کے دوران کپتان نے چوبیس گھنٹوں میں تین مرتبہ باجوہ سے ملاقات کی، جو گھنٹوں گھنٹوں تک جاری رہی اب اس ملاقات میں کیا کیا مشورے ہوئے، اس کا ذکر بھی وسیم بادامی نے ایک ٹاک شو کے دوران کیا تھا کہ مستند عسکری ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ باجوہ نے کپتان کو تین آپشنز دیئے پہلا آپشن تو یہ ہے کہ استعفیٰ دے دیں، دوسرا آپشن یہ کہ عدم اعتماد کا سامنا کرے اور تیسرا آپشن یہ ہے کہ عدم اعتماد کو مسترد کرنے کے بعد اسمبلی کو تحلیل کر دے یہ تینوں آپشنز سیاست میں حصہ نہ لینے والے نیوٹرل باجوہ نے دی تھیں مطلب یہ کہ کپتان نے جس زور و شور سے اور چیلنج کے ساتھ استعفیٰ نہ دینے کے بیانات دیئے ہیں اب اس سے روگردانی کرنا بھی ان کی

ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، ذمہ دار کون؟

بے عزتی کی مترادف ہوگی اور اگر عدم اعتماد کا سامنا کریں گے تو بھی اپوزیشن سیٹوں کی تعداد کو دیکھ کر اس کو اپنی شکست واضح نظر آرہی تھی، جس میں بے عزت ہو کر اقتدار چھوڑنا پڑتا اب رہی خان صاحب کے پاس تیسرے اور آخری آپشن کی کہ عدم اعتماد والا مسئلہ ختم کر کے اسمبلی کو تحلیل کیا جائے یہ سب پہلے سے طے شدہ منصوبے تھے جس کو عملی جامہ پہنایا گیا اور لوگ بریکنگ پہ بریکنگ نیوز لگاتے رہے کوئی خوش کوئی خفا، بس باجوہ کے آپشنز تھے اور کپتان نے تیسرے آپشن کا انتخاب کر کے صدر کو اسمبلی تحلیل کرنے کا مشورہ دیا اور اس نے پہلے سے دی گئی ہدایات کے مطابق اس پر عمل کیا، اب دیکھنا یہ ہے کہ سپریم کورٹ ایکشن لے کر کیا نیا کرنے جارہی ہے

از : نویدالحسن

مقصد صرف اتنا تھا کہ جو کچھ بھی پاکستان کے ساتھ ہورہا ہے، اسی قابض فوج کی وجہ سے ہورہا ہے دہشت گردی کے نام پر ملک کا بیڑہ غرق کردیا، پرائی جنگ اپنی قوم پر مسلط کی، جمہوریت کو جمہوریت رہنے نہیں دیتی، مدارس سمیت تمام تعلیمی اداروں میں دخل اندازی، سپورٹس ایکٹیویٹیز میں پیش پیش، بیرون ملک دورے اور سب سے بڑھ کر یہ نام نہاد محافظ طبقہ سول حکومت کے ساتھ بطور مشاور بھی ڈیوٹی سرانجام دے رہی ہے ملک میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال میں اسی فوج کا بڑا ہاتھ ہے، اس لئے اپنی ملک کے مظلوم قوم سے درخواست ہے کہ وہ تحریک طالبان پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر فوج کے خلاف لڑیں اور اپنے پیارے ملک پاکستان کو مزید زوال سے

خصوصی انٹرویو مفتی مزاحم حفظہ اللہ

وزیر دفاع و نائب امیر تحریک طالبان پاکستان

نمائندہ مجلہ طالبان : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاۃ۔

مفتی مزاحم صاحب : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاۃ۔

نمائندہ مجلہ طالبان : محترم مفتی صاحب! آج ہم تحریک طالبان پاکستان کے آفیشل مجلہ "طالبان" کی طرف سے ایک مختصر انٹرویو کے لئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں۔

مفتی مزاحم صاحب : جی محترم بھائی آپ تشریف رکھیں اور آپ جو سوالات پوچھنا چاہتے ہیں پوچھ سکتے ہیں۔

نمائندہ مجلہ طالبان : محترم مفتی صاحب! سب سے پہلے ہم چاہیں گے کہ مجلہ طالبان کے قارئین کے سامنے آپ کا مختصر تعارف پیش کر دیا جائے۔

مفتی مزاحم صاحب : میرا نام مفتی مزاحم ہے۔ تعلق خیبر پختونخوا کے ضلع لوئر دیر سے ہے۔ سال ۲۰۰۰ء میں جامعہ فاروقیہ کراچی سے فراغت ہوئی اور ۲۰۰۱ء میں سقوط امارت اسلامیہ افغانستان کے وقت میں مولانا منظور احمد مینگل صاحب کے تلمذ میں تخصص فی الفقہ کا طالبعلم تھا۔

نمائندہ مجلہ طالبان : محترم مفتی صاحب! موجودہ ایام میں آپ تحریک طالبان پاکستان کے کس شعبے میں فرائض سر انجام دے رہے ہیں؟

مفتی مزاحم صاحب : حال ہی میں مجھے وزارتِ دفاع کی خدمات سونپی گئی ہیں، جنھیں بجا لانے کی حتی الوسع کوشش کر رہا ہوں۔ تحریک طالبان پاکستان کی رہبری شوریٰ کا، رکن بھی ہوں۔ مختصراً یہ کہ حالیہ دنوں میں تحریک طالبان پاکستان کے نائب امیر اور وزیرِ دفاع کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہا ہوں۔

نمائندہ مجلہ طالبان : محترم مفتی صاحب! ہم چاہیں گے کہ آپ وزارتِ دفاع کے ادارے اور مامورین کے کام کرنے کا اِجمالی خاکہ بھی ہمارے قارئین کو بیان کریں۔

مفتی مزاحم صاحب : تحریک طالبان پاکستان کی وزات دفاع کا اجمالی خاکہ یہ ہے کہ وزیر دفاع کے تحت نظامی کمیسون ہیں۔ یہ کمیسون تحریک طالبان پاکستان کے جغرافیہ کو مد نظر رکھتے ہوئے دو زون میں منقسم ہیں۔ ہر نظامی کمیسون اپنے زون کے والیان، ان کے معاونین اور ولسوالی کے مسئولین کی نگرانی کرتا ہے۔ اسی طرح ان کے تحت دلگی (قطعات یا گروپس) ہیں جن کی نگرانی مسئول ولسوالی اور والیان کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ ولایتی نظامی کمیسون، اور چند دیگر اہم ادارتی امور بھی اسی وزارت کے سپرد ہیں۔ الحمد للہ، وزارتِ دفاع کے تحت یہ سب ایک منظم ترتیب سے کام کر رہے ہیں۔

نمائندہ مجلہ طالبان : محترم مفتی صاحب! آپ بحیثیت تحریک طالبان پاکستان کے وزیرِ دفاع اپنے ماتحت ذمہ داران اور عام مجاہدین کی کار کردگی کو کیسا محسوس کرتے ہیں؟

مفتی مزاحم صاحب : تحریک طالبان پاکستان کی اس وزارت کے قیام کے بعد سے ہم نے حالیہ تین ماہ میں جن امور کی نگرانی کی ہے ان سے متعلق والیان اور نظامی کمیسون کی طرف سے بہت ہی مثبت کارکردگی سامنے آئی ہے۔ اپنی ولایتوں کے نظم و ضبط اور تشکیلات کو مد نظر رکھتے ہوئے ہم ان سے مطمئن ہیں اور ابھی تک کوئی قابل ذِکر شکایت ہمارے سامنے نہیں آئی۔ الحمد للہ۔

نمائندہ مجلہ طالبان : محترم مفتی صاحب! تحریک طالبان پاکستان کی موجودہ وحدت کو مد نظر رکھتے ہوئے آپ مجاہدین کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

مفتی مزاحم صاحب : مجاہدین کو میرا پیغام یہ ہے کہ وہ ظاہری وحدت کے ساتھ ساتھ اپنی باطنی اصلاح پر بھی خصوصی توجہ دیں۔ اس سے اللہ کی مدد و نصرت ہمارے شاملِ حال ہوگی اور دشمن پر ہماری چھوٹی سے چھوٹی کارروائی کا اثر بھی اللہ کے حکم سے، بہت بڑا ہوگا۔ مسؤلین

اپنے مامورین کا خیال رکھیں اور بھائی چارگی والی زندگی گزاریں۔ مجاہدین کو چاہیئے کہ وہ اپنے اصل کام اور مقصد کی طرف پوری یکسوئی سے متوجہ ہوجائیں۔ کیونکہ شرعی نظام کے نفاذ کا ہمارا دعویٰ بہت بڑا ہے۔ جس میں ہمیں خود کو مخلص ثابت کرنے کے لئے دن رات کام کرنے اور ہر قسم کی قربانی دینے کے لئے تیار رہنے کی ضرورت ہے۔

نمائندہ مجلہ طالبان: محترم مفتی صاحب! پاکستان کی موجودہ سیاسی کشمکش کو آپ کس نظر سے دیکھتے ہیں؟

مفتی مزاحم صاحب: میں پاکستان کی موجودہ سیاسی کشمکش ہی نہیں بلکہ پاکستان کی تاریخی سیاسی صورتحال سے بھی بالکل مطمئن نہیں ہوں۔ کیوں کہ یہ اب تک کسی بھی طرح سے عوام، دین یا وطن کے لئے فائدہ مند ثابت نہیں ہوئی۔ یہاں مقتدر طبقات کے مابین ذاتی مفادات کی مستقل جنگ چل رہی ہے۔ جس میں مقتدر طبقے نے عوامی وسائل کی لوٹ مار اور محض اپنے ذاتی مفادات کے تحفظ کے لئے عوام کو ایک دوسرے کا دشمن بنادیا ہے۔ البتہ حالیہ ایام میں چونکہ انتخابات قریب ہیں اس لئے حسبِ روایت یہ سیاسی کشمکش زور پکڑ گئی ہے۔ جب تک ملک میں یہ جمہوری سیاسی نظام قائم ہے اس سے ملکی معیشت، امن و امان اور مہنگائی سے پریشان عوام کے حالات میں کسی قسم کی تبدیلی آنے کی توقع نہیں کی جاسکتی۔

نمائندہ مجلہ طالبان: محترم مفتی صاحب! آپ مجلہ طالبان کے توسط سے عام پاکستانی عوام کے لئے کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

وزیر دفاع و نائب امیر تحریک طالبان پاکستان

مفتی مزاحم صاحب: اپنے پاکستانی بھائیوں کے لئے میرا پیغام یہ ہے کہ بطور مسلمان ہمیں چاہیے کہ مومنانہ بصیرت اور فہم و فراست کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان پر مسلط اسلام دشمن اور کافروں کے ایجنٹ ٹولے سے جان چھڑائیں۔ کیونکہ ہم سب نے اللہ کے سامنے حاضر ہو کر اس بات کا جواب دینا ہے کہ ہم نے اس کے دین کے لئے کیا کیا؟ اور ہم نے ظالم کا ظلم دیکھ کر اسے روکنے کی کتنی کوشش کی؟۔ لہذا سچے مسلمان اور باشعور پاکستانی ہونے کا تقاضہ یہ ہے کہ ہم پاکستان کے اسلام دشمن اور ظالم حکمرانوں کے خلاف کھڑے ہوجائیں۔ مظلوموں اور مجاہدین کا ساتھ دیں۔ اور پاکستان پر مسلط انگریزوں کا باطل جمہوری نظام ختم کر کے وہ اسلامی و شرعی نظام نافذ کریں جس کے نفاذ لئے یہ ملک حاصل کیا گیا تھا۔

نمائندہ مجلہ طالبان: محترم مفتی صاحب آپ کا بہت شکریہ کہ آپ اپنی اہم ترین مصروفیات میں سے کچھ وقت نکال کر ہمارے قارئین سے مخاطب ہوئے اور چند اہم امور پر گفتگو فرمائی۔ جزاک اللہ خیرا۔

مفتی مزاحم صاحب: وایاکم! بطور نمائندہ مجلہ "طالبان" آپ کی تشریف آوری کا بھی شکریہ۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدَى وَالْفُرْقَانِ فَمَن شَهِدَ مِنكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ.

رمضان کا مہینہ، وہ جس میں قرآن مجید کو نازل کیا گیا لوگوں کی ہدایت کیلئے اور (اس میں) روشن دلائل ہیں ہدایت کی اور حق و باطل میں فرق کرنے کیلئے۔ پس جو تم میں سے اس مہینے کو پائے، تو روزے رکھے اس مہینے کے۔

وقت، جس کا انتظار تھا

کالم نوکِ قلم

از: خالد قریشی

یہ بات کافی واضح ہوچکی ہے کہ پاکستان میں ہمیشہ سے غیور قبائل نے جہاد کا عَلم اٹھایا اور بزور شمشیر اپنے دین و عزت کی حفاظت کرنے کو ترجیح دی ہے ظالم کے سامنے اکڑنے کا ہنر انہوں نے خوب جانا ہے اور مظلوم کا ہاتھ تھامنے میں بھی وہ کسی تعارف کے محتاج نہیں رہے ہیں یہی تھا کہ دو عشرے قبل امارت اسلامیہ کے سقوط کے بعد صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے نقش قدم پر چلتے ہوئے انہوں نے ہجرت کرنے والے مجاہدین کی نصرت میں کوئی کسر نہ چھوڑی اور یہ محبت اتنی بڑھی کہ مہاجرین کے دل و دماغ پر چھایا فلسفہ انصار پر بھی اثر کرنے لگا اور بالآخر انہوں نے اچھی صحبت کا اچھا اثر لیتے ہوئے پاکستان سے ظلم وجبر کے خاتمے اور یہاں اسلامی قانون کے نفاذ کیلئے عملی قدم اٹھالیا

صحبتِ صالح ترا صالح کند
صحبت طالح ترا طالح کند

سال ۲۰۰۶ء میں شروع ہونے والا جہاد پاکستان کا یہ سلسلہ ابھی ایک سال کی عمر کو پہنچنے ہی والا تھا کہ جہادِ پاکستان کے تقریبا تمام سپاہی ایک امیر (بطل امت بیت اللہ محسود شہید رحمہ اللہ) کی قیادت میں ایک ہی صف میں کھڑے ہوگئے، جس نے وطن پر مسلط سیاسی و عسکری قوتوں کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا اور یوں جہاد پاکستان کو نئی روح ملی جلد ہی امیر محترم بیت اللہ محسود شہید ہوئے اور تحریک کی بھاگیں نوجوان قائد حکیم اللہ محسود شہید رحمہ اللہ کی ہاتھ میں دی گئیں اب تحریک ایک منظم صف تھی جس سے دشمن شدید خوف میں رہتا اور روزانہ وہ کسی نہ کسی راہ میں مجاہدین کے پنجے میں آ کر گرتا پڑتا، لیکن اللہ تعالیٰ کی مشیت تھی کہ یہ مجاہدین کے یہ محبوب بھی ان کی دربار میں لبیک کہہ گئے

اب سال ۲۰۱۳ء میں تحریک کیلئے نئے امیر مولانا فضل اللہ شہید رحمہ اللہ کا انتخاب ہوا آپ رحمہ اللہ نے تحریک کو منظم و متحد کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کی اور بالآخر اس میں کامیاب بھی ہوئے کہ محسود، گنڈاپور اور بنوں وغیرہ کے مجاہدین تحریک میں شامل ہوگئے۔ اور اسی طرح امیر صاحب شہید رحمہ اللہ نے تحریک کو ہر قسم داخلی وخارجی جنگوں سے بچایا مثلاً داعش وغیرہ۔ ۲۰۱۸ء میں جب مولانا فضل اللہ رحمہ اللہ شہید ہوئے تو مفتی نور ولی محسود (ابو منصور عاصم) حفظہ اللہ کو تحریک طالبان پاکستان کا امیر مقرر کیا گیا اس سے قبل مولانا صاحب رحمہ اللہ کی قیادت میں ہی محسود و گنڈاپور طالبان تحریک کا دوبارہ حصہ بن چکے تھے

اب ماضی میں جو تھا، سو تھا، لیکن مجاہدین پاکستان کے معاشرے میں ایک ہوا چل پڑی کہ آئندہ کیلئے کیا کرنا ہے اور اس کے لئے ہم کیسے ایک ہوں گے؟ تو اللہ رب العزت نے اس سوچ و فکر کو عملی جامہ پہنانا شروع کیا اور سال ۲۰۲۰ء کی ابتداء میں پاکستانی مجاہدین کے تین چھوٹے گروپس نے تحریک طالبان پاکستان کے ساتھ ایک ہونے

کالم نوکِ قلم
از: خالد قریشی

کا اعلان کرلیا (جس کی تفصیل عمر میڈیا پر موجود ہے) اب رب کو شاید یہی منظور تھا کہ یہ مجاہدین ایک ہوجائیں تو اس دوران محسود طالبان کے ایک جداشدہ گروپ نے امیر محترم مفتی صاحب حفظہ اللہ کے ہاتھ بیعت کرلی یہ بات کئی زاویوں سے چونکا دینے والی تھی، جس کا ذکر کرنا یہاں مقصود نہیں ہے تو اسی سال اگست کے مہینے میں جہاد پاکستان کی مزید جماعتوں نے اپنی تنظیموں کو ختم کرنے اور تحریک طالبان پاکستان میں ضم ہونے کا اعلان کرلیا یہ سلسلہ یہیں نہیں رکا بلکہ مزید کئی جماعتوں نے اسی نوعیت کے اعلانات کرکے زخمی تحریک کیلئے مرہم پٹی کا کام مزید تیز کردیا

سیاسی جوانب کو ایک طرف رکھ کر اگر ہم صرف کلام حق لایزال کی آیتوں پر نظر دوڑائیں تو بھی ہم اتفاق واتحاد کے امر کے فوائد کو نظرانداز نہیں کرسکتے چنانچہ ایمان والوں سے خطاب کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

• واعتصموا بحبل اللّٰہ جمیعا ولا تفرقوا

ترجمہ: اوراللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام کررکھواور فرقہ بازی مت کرو

دوسری جگہ فرماتے ہیں:

• ولاتنازعوا فتفشلوا وتذهب ريحكم

ترجمہ: اور تم مت جھگڑو، ورنہ تم شکست خوردہ ہوجاؤ گے اور تمہارا دبدبہ جاتا رہ جائے گا

اسی طرح نبی الملاحم علیہ الصلاۃ والسلام فرماتے ہیں:

إن اللّٰه يرضى لكم ثلاثا ويكره لكم ثلاثا فيرضى لكم: أن تعبدوه، ولاتشركوا به شيئا، وأن تعتصموا بحبل اللّٰه جميعا ولاتفرقوا، ويكره لكم: قيل وقال، وكثرة السؤال، وإضاعة المال

اسی طرح نبی الملاحم علیہ الصلاۃ والسلام فرماتے ہیں

إن اللّٰه يرضى لكم ثلاثا ويكره لكم ثلاثا فيرضى لكم: أن تعبدوه، ولاتشركوا به شيئا، وأن تعتصموا بحبل اللّٰه جميعا ولاتفرقوا، ويكره لكم: قيل وقال، وكثرة السؤال، وإضاعة المال

ترجمہ: یقینا اللہ رب العزت تمہارے لئے تین چیزوں کو پسند فرماتا ہے اور تین کو ناپسند، پس پسند فرماتے ہیں کہ تم اللہ کو ایک مانو، اوراس کے ساتھ شرک مت کرواور یہ کہ تم اللہ کی رسی (اتحاد) کو مضبوطی سے تھامواور فرقہ بازی مت کرواور ناپسند فرماتے ہیں زیادہ قیل وقال (کہا سنی)، اور زیادہ سوالات کرنا اور مال ضائع کرنے کو اس بحث کی مزید تفصیل واعتصموا بحبل اللہ والی آیت کی تفسیر میں دیکھی جاسکتی ہے

شاعر کہتے ہیں:

ایک ہوجائیں تو بن سکتے ہیں خورشید مبین
ورنہ ان بکھرے ہوئے تاروں سے کیا بات بنے

یقینا خوشی کا مقام ہے کہ بکھرے موتیوں نے جب ایک ہی دھاگے میں رہنا چاہا اور وحدت کی ایک تصویر پیش کی تو دشمن پر قابلِ غور اثر پڑا ایک وقت تھا کہ ہماری ایک تمنا ہوتی تھی کہ کب وہ دن آئے گا جب ہم سب مجاہدین پاکستان ایک چھتری تلے، ایک امیر، ایک نظم وضبط اور ایک لائحے کے تحت جنگ لڑیں گے لیکن الحمدللہ! اب ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ جو ہماری تمنا تھی، وہ پوری ہوگئی اور وہ وقت آگیا جس کا انتظار تھا

اگر عثمانیوں پر کوہ غم ٹوٹا تو کیا غم ہے
کہ خونِ صد ہزار انجم سے ہوتی ہے سحر پیدا

نواپیرا ہو اے بلبل کہ ہو تیرے ترنم سے
کبوتر کے تنِ نازک میں شاہیں کا جگر پیدا

جہاد کی اقسام

اقتباس از: سیرت مصطفیٰ مولانا محمد ادریس کاندھلوی

جہاد کی مختلف قسمیں ہیں، جہاد کی ایک قسم دفاع ہے، جس کو دفاعی جہاد کہتے ہیں یعنی کافروں کی کوئی قوم ابتداءً تم پر حملہ آور ہو تو تم اس کی مدافعت کے لئے ان کا مقابلہ کرو۔ جہاد کی اس قسم کو حق تعالیٰ نے اس طرح بیان فرمایا ہے:

وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ [١٩٠]

ترجمہ: اور قتال کرو اللہ کی راہ میں ان لوگوں سے جو تم سے جنگ کرتے ہیں اور زیادتی مت کرو، یقیناً اللہ تعالیٰ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

ایک اور مقام پر فرمان باری تعالیٰ ہے:

أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا وَإِنَّ اللَّهَ عَلَى نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ [٣٩] الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّا أَنْ يَقُولُوا رَبُّنَا اللَّهُ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ وَمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا اسْمُ اللَّهِ كَثِيرًا وَلَيَنْصُرَنَّ اللَّهُ مَنْ يَنْصُرُهُ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ [٤٠] {الحج:٣٩،٤٠}

ترجمہ: مسلمانوں کو ان کافروں سے جہاد و قتال کی اجازت دی گئی جو کافر مسلمانوں سے لڑتے ہیں، اس وجہ سے کہ مسلمان ستم رسیدہ ہیں اور بے شک اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی مدد پر قادر ہے یہ مسلمان اپنے گھروں سے محض بے وجہ نکالے گئے سوائے اس کے کہ وہ یہ کہتے تھے کہ ہمارا پروردگار ایک اللہ ہے۔

جہاد کی دوسری قسم اقدامی جہاد ہے یعنی جب کفر کی قوت اور شوکت سے اسلام کی آزادی کو خطرہ ہو تو ایسی حالت میں اسلام اپنے پیروؤں کو یہ حکم دیتا ہے کہ تم دشمنان اسلام پر جارحانہ حملہ اور ہاجمانہ اقدام کرو کیونکہ جب دشمنوں کی طرف سے خطرہ ہو تو احتیاط اور حفظِ ما تقدم کا مقتضا یہی ہے کہ تم ان پر جارحانہ اقدام کرو تاکہ اسلام اور مسلمان کفر اور شرک کے فتنے سے محفوظ ہوجائیں اور بغیر کسی خوف وخطر کے امن وعافیت کے ساتھ خداوند ذوالجلال کے احکام کو بجا لاسکیں اور کوئی قوت وطاقت ان کو ان کے سچے دین سے نہ ہٹا سکے اور نہ پھیر سکے اور نہ کوئی طاقت قانونِ خداوندی کے اجراء و تنفیذ میں مزاحم ہوسکے، ایسے موقع پر عقل اور فراست، تدبیر اور سیاست کا یہی مقتضی ہے کہ خطرے کو پیش آنے سے پہلے ختم کردیا جائے، اس انتظار میں رہنا کہ جب خطرہ سر پر آجائے گا اس وقت مدافعت کریں گے یہ اعلیٰ درجہ کی حماقت اور سفاہت ہے۔ جس طرح شیر اور چیتے کو حملہ کرنے سے پہلے ہی قتل کردینا اور کاٹنے سے پہلے ہی سانپ اور بچھو کا سر کچل دینا ظلم نہیں بلکہ اعلیٰ درجہ کا تدبّر اور انجام بینی ہے، اسی طرح کُفر اور شرک کا سر اٹھانے سے پہلے ہی سر کچل دینا اعلیٰ درجہ کا تدبّر ہے۔ چور اور قزاق یا درندے اگر کسی جنگل اور بیابان میں جمع ہوں تو عقل اور دانائی کا مقتضی یہ ہے کہ قبل اس کے کہ وہ شہر کا رخ کریں، ان کو آبادی کا رخ کرنے سے پہلے ہی ختم کردیا جائے درندوں کے قتل میں اقدام ہی عقل اور دانائی ہے اور "**فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ**" اور "**أَيْنَمَا ثُقِفُوا أُخِذُوا وَقُتِّلُوا تَقْتِيلًا**" میں اسی قسم کے کافر مراد ہیں۔

درندوں کے قتل میں دفاع کا تصور کرنا اور یہ سوچنا کہ جب یہ درندے مل کر ہم پر حملہ آور ہوں گے اس وقت ہم ان کی مدافعت کریں گے، اس قسم کا تصور اہلِ عقل کے نزدیک کھلی ہوئی حماقت اور نادانی ہے۔

حق جل شانہ کے اس ارشاد "**وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّى لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ لِلَّهِ**" میں اسی قسم کا جہاد مراد ہے، یعنی اے مسلمانو! تم کافروں سے یہاں تک جہاد وقتال کرو کہ کفر کا فتنہ باقی نہ رہے اور اللہ کے دین کو پورا غلبہ حاصل ہوجائے، اس آیت میں فتنہ سے کفر کی قوت اور شوکت کا فتنہ مراد ہے اور "وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ لِلَّهِ" سے دین کا ظہور اور غلبہ مراد ہے جیسا کہ دوسری آیت میں ہے "لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ" یعنی دین کو اتنا غلبہ اور قوت حاصل ہوجائے کہ کفر کی طاقت سے اس کے مغلوب ہونے کا احتمال باقی نہ رہے اور دین اسلام کو کفر کے فتنہ اور خطرہ سے بالکلیہ اطمینان حاصل ہوجائے۔

اب رہا یہ امر کہ دین اسلام کو کفر کے فتنہ سے کس طرح اطمئنان حاصل ہوسکتا ہے، سو اس اطمئنان کی تین صورتیں ہیں، ایک صورت تو اطمئنان کی یہ ہے کہ کفار مسلمانوں کے سامنے ہتھیار ڈال دیں اور مسلمانوں کی رعایا بن کر اور جزیہ دے کر اسلامی حکومت کے زیر سایہ رہنا منظور کریں یا بجائے جزیہ کے مسلمانوں کے رقیق یعنی غلام بن کر رہیں۔

دوسری صورت اطمئنان کی یہ ہے کہ کافر مسلمانوں سے پُرامن معاہدہ کریں

تیسری صورت استئمان کی ہے یعنی کافر مسلمانوں سے امن اور پناہ طلب کرکے اُن کی پناہ میں آجائے۔ ان صورتوں میں ایسے کافروں سے جہاد و قتال کا حکم اُٹھ جاتا ہے شریعت اسلامیہ میں جہاد کا حکم کفّار محاربین کے ساتھ مخصوص ہے، کافر ذمی اور مستامن کے احکام دوسرے ہیں۔ جو غیر مسلم اسلامی حکومت میں رہتے ہیں وہ ازروئے احکام اسلام عدالتی اور شہری احکام میں مسلمانوں کے برابر ہیں۔ ان کی جان و مال اور آبرو کی حفاظت مسلمانوں اور اسلامی حکومت پر فرض ہے، بشرطیکہ غدّاری اور خفیہ سازشیں نہ کریں اور دشمن اور غیر دشمن محارب اور غیر محارب کے احکام میں فرق تمام عقلاء کے نزدیک مسلّم ہے۔

یہ فدائی ہے، خودکُش نہیں

مولانا مراد صاحب

ویسے زندگی کے نشیب وفراز میں مخلوق خدا کے درمیاں عجیب وغریب اور دلچسپ معرکے وقوع پذیر اور تاریخی اعتبار سے کافی حد تک بامِ شہرت تک پہنچ چکے ہیں ۔ ایک طرف چنگیز خان وہلاکو خان تو دوسری جانب ہٹلر جیسے آدم کُش کے قصے وکہانیاں زبان زدِ عام ہیں ۔ لیکن یہ ساری جنگیں مادی وسائل پر قبضہ ، اپنی بادشاہت اور اَنا پرستی کی دم سے لڑی گئی ہیں ۔ جبکہ دین اسلام کی بالادستی کی خاطر لڑی جانے والی جنگیں کئی گنا زیادہ دلچسپ اور لازوال دیرپا اثرات کی حامل ہمیشہ تاریخ کی زندہ جاوید اوراق میں محفوظ ہیں ۔ جو کبھی کسی وقت میں کسی بھی عقل والوں کی نظر میں ناپسندیدہ ثابت نہ ہوئیں بلکہ دنیا جہاں کے دشمنوں نے بھی اِن جنگوں میں شامل جوانوں کی دِل کھول کر تعریفیں کیں ۔ کیونکہ دیگر تمام جنگیں جیسا کہ اوپر ذکر ہوا ہے خُود غرضی اور مادی وسائل تک رسائی کی وجہ سے پیش آئیں ۔ جبکہ اسلام کی بالادستی کی خاطر لڑی جانے والی اس مُقدس جنگ میں دنیا اور مادی وسائل کا حصول مدِ نظر ہی نہیں ہے ، بلکہ یہ جنگ مظلوم مسلمانوں کی نجات اور دنیا و آخرت میں اللہ کے ہاں سرخرو ہونے کے لئے ہے ۔ جہاں مجاہدین باطل کے خلاف لڑے تو وہاں ظلم وستم کا خاتمہ ہوا اور اس کی جگہ انصاف وعدالت ، امن وامان اور شائشگی سے مالامال پُر مسرت زندگی وجود میں آئی

مرورِ زمانہ کے ساتھ دنیا میں حالات کے مطابق جنگی اوزار اور تکنیک میں تبدیلی کوئی نئی بات نہیں مثال کے طور پر زمانہ گذشتہ میں میدانِ کارزار میں مدِمقابل کو مارنے کے لئے تلوار اور دیگر آہنی اوزار کارآمد تھے ، رفتہ رفتہ ہر کسی نے خود کو دشمن سے محفوظ رکھنے کے لئے مختلف اسباب و وسائل کی تلاش میں وقت صرف کیا ، یہاں تک کہ تلوار کی جگہ توپ وبندوق اور لڑاکا طیاروں ، ڈرون اور ایٹم بم نے لے لی لیکن دنیا میں ایسا کوئی جنگی اوزار باقی نہ رہا جس کے توڑ کے لئے کوئی نا کوئی سامان مہیا نہیں کیا گیا ہو اس وجہ سے اسلحہ سازی کی دوڑ میں ہر ایک دوسرے کو مات دینے میں ناکام ثابت ہو رہے ہیں ، البتہ دنیا میں اس وقت کوئی ایسا ہتھیار دیکھنے میں نہیں آیا جو فدائی (استشہادی) حملہ آور کو روک سکے

فدائی حملہ آور کی ضرورت اُس وقت پیش آتی ہے جب کسی ہائی ویلیو اور سخت سکیورٹی پروف والے بڑے اہداف کو نشانہ بنانا ہو تو ایسے میں فدائی حملہ انتہائی کارگر ثابت ہوا ہے ۔ کیونکہ فدائی حملہ آور کے پختہ عزم کو کوئی شکست نہیں دے سکتا افغان سرزمین پر نیٹو جیسی طاقتور افواج کو شکست سے دوچار کرنا انہی فدائی حملوں کا نتیجہ ہے فدائی حملے کرنا تاریخِ اسلام میں کوئی نئی بات نہیں ہے- بلکہ بعثت نبوی سے پہلے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد متعدد بار ایسے واقعات رونما ہو چکے ہیں اللہ تعالیٰ نے سورۃ البروج میں "اصحاب الاخدود" کے نام سے اس کا تذکرہ فرمایا ، مفسرین حضرات نے اس آیت کریمہ کے ذیل میں احادیث مبارکہ کی روشنی میں تفصیلی طور پر تین مقامات پر اس طرح کے واقعات کا ظاہر ہونا بیان فرمایا کہ وہاں ظالم بادشاہ سے نجات پانے اور عوام کو راہ راست پر لانے کی خاطر مسلمان نوجوانوں نے خود کو فدائی کے طور پہ پیش کیا

پہلا واقعہ نجران یمن میں ، جبکہ دوسرا واقعہ شام اور تیسرا واقعہ موجودہ ایران کے سیستان نامی علاقے میں پیش آیا چونکہ تینوں واقعات ایک جیسے ہیں لہٰذا قران کریم میں مماثلت اور یکسانیت کی وجہ سے ایک ہی جگہ اصحاب الاخدود کے نام سے ذکر فرمایا ۔ اس کے علاوہ اصحابِ رسول صلی اللہ علیہ کے زمانے میں بھی ایسے واقعات رونما ہوئے جن کا تذکرہ تاریخ وسیرت کی کتابوں میں پایا جاتا ہے ۔ لیکن یہاں اس مختصر تحریر میں تفصیلی ذکر کرنے کی گنجائش نہیں ہے ۔ اس لئے تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ فدائی حملے ایک جائز ، مستحسن اور قابلِ داد عمل ہے ۔ مزید یہ کہ فدائی حملوں کی ضرورت واہمیت اُس وقت مزید بڑھ جاتی ہے جب زمین پر دشمن کا غلبہ ہو اور مسلمانوں کیلئے ایسا علاقہ میسر نہ ہو جس میں وہ آزادانہ طور پر جنگی تیاری کے لئے لوازمات کا انتظام کر سکیں ۔ ظاہر بات ہے کہ آج کل مسلمانوں کے لئے اس خطہ میں کوئی ایسی جگہ دستیاب نہیں کہ جہاں وہ اپنی پوری جنگی تیاریاں اطمئنان کے ساتھ پوری کر سکیں ۔

ماضی قریب میں اس کی مثال ٦٥ء کی لڑائی پاک بھارت جنگ میں میجر عزیز

